Roll No. [ ][ ][ ][ ][ ][ ]    Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________    Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 25منٹ    حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) اُردو زبان کو اُردوئے معلّٰی سب سے پہلے کس شاعر نے کہا؟

الف۔ غالبؔ    ب۔ میرؔ

ج۔ سوداؔ    د۔ آتشؔ

(ii) اُردو کا سب سے پہلا ڈرامہ کس نے لکھا؟

الف۔ ملا وجہی    ب۔ واجد علی شاہ

ج۔ امانت لکھنوی    د۔ آغا حشر

(iii) ”فسانۂ عجائب“ کس دبستان کی نمائندہ تصنیف ہے؟

الف۔ دہلی    ب۔ دبستانِ دکن

ج۔ دبستانِ اودھ    د۔ دبستانِ لکھنؤ

(iv) ناول ’امراؤ جان ادا‘ کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ میر امن    ب۔ مرزا رسواؔ

ج۔ رجب علی بیگ سرور    د۔ حیدر بخش حیدری

(v) خدیجہ مستور کے کس ناول کو آدم جی ایوارڈ ملا؟

الف۔ بوچھاڑ    ب۔ زمین

ج۔ آنگن    د۔ کھیل

(vi) غلام عباس کا پہلا طبع زاد افسانہ کون سا تھا؟

الف۔ مجسمہ    ب۔ آنندی

ج۔ جاڑے کی چاندنی    د۔ کتبہ

(vii) مندرجہ ذیل میں سے کس ڈرامے کے خالق امتیاز علی تاج ہیں؟

الف۔ آنسو اور ستارے    ب۔ خاک نشیں

ج۔ قرطبہ کا قاضی    د۔ باپ کا گناہ

(viii) ’مقدمہ شعر و شاعری‘ کا تعلق کس صنفِ سخن سے ہے؟

الف۔ شاعری    ب۔ افسانہ

ج۔ تحقیق    د۔ تنقید

(ix) ’شعر العجم‘ کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ حالیؔ    ب۔ سرسید

ج۔ شبلی    د۔ اقبالؔ

(x) اُردو میں طنز و مزاح کی سب سے پہلی صورت کہاں ملتی ہے؟

الف۔ حالیؔ کی شاعری میں    ب۔ غالبؔ کے خطوط میں

ج۔ اکبرؔ الٰہ آبادی کی شاعری میں    د۔ محمد حسین آزاد کے خطوط میں

(xi) اُردو شاعری کا باوا آدم کون ہے؟

الف۔ ولی دکنی　　ب۔ غواصی

ج۔ مُلا وجہی　　د۔ قلی قطب شاہ

(xii) دبستانِ دہلی کا دَور کن شعرا کے دورِ شاعری کو کہا جاتا ہے؟

الف۔ غالب و مومن　　ب۔ آتش و ناسخ

ج۔ میر و سودا　　د۔ آتش و مومن

(xiii) حالی کی کس نظم کو اُردو میں قومی شاعری کا نقطۂ آغاز کہا جاتا ہے؟

الف۔ شاہنامۂ اسلام　　ب۔ مدّ و جزرِ اسلام

ج۔ مناجات　　د۔ طلوعِ اسلام

(xiv) امیر مینائی کے نعتیہ دیوان کا نام کیا ہے؟

الف۔ ذکرِ شاہِ انبیاً　　ب۔ لیلۃ القدر

ج۔ محامدِ خاتم النبیینً　　د۔ نورِ تجلی

(xv) مرثیہ کتنے حصوں پر مشتمل ہوتا ہے؟

الف۔ پانچ　　ب۔ سات

ج۔ نو　　د۔ گیارہ

(xvi) نظم کے لیے استعمال کیے جانے والے لفظ 'مسمط' کا کیا معنی ہے؟

الف۔ ہم قافیہ و ہم ردیف　　ب۔ مرتب تحریر

ج۔ سوز و نغمگی　　د۔ موتیوں کی لڑی

(xvii) علامہ اقبالؒ کو فلسفہ مابعد الطبیعات کے مقالے پر کس یونیورسٹی نے پی ایچ ڈی کی ڈگری دی؟

الف۔ میونخ یونیورسٹی　　ب۔ کیمبرج یونیورسٹی

ج۔ علیگڑھ یونیورسٹی　　د۔ آکسفورڈ یونیورسٹی

(xviii) مجید امجد کی شاعری کا غالب رنگ کیا ہے؟

الف۔ طربیہ　　ب۔ حزنیہ

ج۔ مزاحیہ　　د۔ طنزیہ

(xix) 'نقشِ فریادی' کس کا مجموعۂ کلام ہے؟

الف۔ غالب　　ب۔ اقبال

ج۔ فیض　　د۔ ناصر کاظمی

(xx) 'شاعرِ فطرت' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

الف۔ اقبال　　ب۔ حفیظ جالندھری

ج۔ خوشی محمد ناظر　　د۔ جوش

---

برائے ممتحن :　　کُل نمبر: 20　　حاصل کردہ نمبر: [ ]

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصّہ "دوم" اور "سوم" کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹراشیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصّہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر۲۔ توبۃ النصوح کے حوالے سے نذیر احمد کے ناول کے کردار 'نصوح' پر روشنی ڈالیں۔ (یا) (12)
نذیر احمد کے ناول توبۃ النصوح کی خصوصیات بیان کریں۔

سوال نمبر۳۔ درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ ہر سوال کا جواب پانچ سطروں تک محدود ہو: (3x5=15)

(i) نظم 'جوگی' میں پیش کیے گئے منظر کی تصویر کشی اپنے الفاظ میں کیجیے۔
(ii) پرانی رسموں کی پابندی سے ہمیں کیا نقصان پہنچے گا۔ سبق ''رسم ورواج'' کے حوالے سے لکھیے۔
(iii) ڈراما آنگن میں ''عالیہ'' کے کردار پر نوٹ لکھیں۔
(iv) حرم سرا کے جشن کا اہتمام انارکلی کے بجائے دلآرام کے سپرد کیوں کیا گیا؟

سوال نمبر۴۔ سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+5=7)

الف۔ انقلاباتِ حکومت جو کثرت سے اسلامی ممالک میں ہوا کیے، اِن مقاصد کے لیے اکثر مفید ثابت ہوئے۔ ایک خاندان کُلیۃً برباد ہو جاتا تھا مگر اُس کے علمی آثار اکثر محفوظ رہتے تھے۔ جو مواضع اور علاقے مدرسوں پر پہلے وقف ہو چکے تھے، دوسری نئی حکومت اُن کو غصب نہیں کرسکتی تھی۔ ہلاکو خان نے نہ صرف بغداد کو غارت کیا بلکہ تمام اسلامی ممالک کو برسوں تک بے چراغ کر دیا۔ تاہم اوقاف میں کچھ تصرّف نہ کرسکا۔

ب۔ اِس تمام یک جہتی اور ہم آہنگی میں ایک خلش ضرور تھی۔ ہم دونوں نے بیسویں صدی میں پرورش پائی تھی۔ عورت اور مرد کی مساوات کے قائل تو ضرور تھے تاہم اپنے خیالات میں اور بعض اوقات اپنے رویّے میں ہم کبھی نہ کبھی اِس کی تکذیب ضرور کر دیتے تھے۔ بعض اوقات میں تحکم اور رہنمائی کا رویّہ اختیار کر لیتا، جس کا مطلب یہ تھا کہ ایک مرد ہونے کی حیثیت سے یہ میرا فرض تھا۔ کبھی کبھی میرے جسم کے اندر میرے ایشیائی آباؤاجداد کا خون جوش مارتا اور میرا دل جدید تہذیب سے باغی ہو کر مجھ سے کہتا کہ مرد اشرف المخلوقات ہے۔

سوال نمبر۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالۂ شاعر اس طرح تشریح کیجیے کہ اشعار کی فنی خوبیاں نمایاں ہو جائیں۔ نیز نظم کا عنوان لکھیے: (1+1+5=7)

الف۔
لب پر ہنسی گلوں سے زیادہ شگفتہ رُو
پیدا تنوں سے پیراہنِ یوسفی کی بُو
غلمان کے دل میں جن کی غلامی کی آرزو
پرہیزگار و زاہد و ابرار و نیک خُو
پتھر میں ایسے لعل صدف میں گہر نہیں
حوروں کا قول تھا کہ ملک ہیں بشر نہیں

ب۔
اَب دُور جا چکا ہے وہ شاہِ گدا نُما
اور پھر سے اپنے دیس کی راہیں اُداس ہیں
چند اک کو یاد ہے کوئی اُس کی ادائے خاص
دو اک نگاہیں چند عزیزوں کے پاس ہیں
پر اُس کا گیت سب کے دلوں میں مقیم ہے
اور اُس کی لَے سے سینکڑوں لذت شناس ہیں

سوال نمبر۶۔ ن۔م۔راشد کی نظم 'زندگی سے ڈرتے ہو' کا فنی وفکری جائزہ لیں۔ (9)

(یا)

علامہ اقبالؒ کی نظم 'پیوستہ رہ شجر سے اُمید بہار رکھ' کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔

## حصّہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: (10)

الف۔ بابائے اُردو مولوی عبدالحق
ب۔ اُردو ادب میں مرثیہ نگاری
ج۔ اقبالؔ کا تصورِ خودی
د۔ اکبر الٰہ آبادی ۔ طنزیہ ومزاحیہ شاعر

سوال نمبر۸۔ درج ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ انشائیہ
ب۔ مختصر افسانہ

سوال نمبر۹۔ درج ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ غزل
ب۔ منقبت